[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**Bill**

*further to amend the Transfer of Railways Order, 1962*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Transfer of Railways Order, 1962 (P.O. No. 33 of 1962), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This bill shall be called the Transfer of Railways (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 1, P.O. No. 33 of 1962.-** In the Transfer of Railways Order, 1962 (P.O. No. 33 of 1962), hereinafter referred to as "the said Order", in Article 1, in clause (1), the words "Transfer of" shall be omitted.

3. **Amendment of Article 2, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, in Article 2,-

(a) in clause (a), after the semicolon, at the end, the word "and" shall be added; and

(b) in clause (b), for the semicolon, at the end, a full stop shall be substituted and thereafter clause (c) shall be omitted.

4. **Amendment of Article 4, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, in Article 4,-

(a) in the marginal note, for the word "Boards", the word "Board" shall be substituted;

(b) for clause (3), the following clause shall be substituted, namely:-

"(3) All actions taken by the Board in the discharge of its functions shall be expressed in writing and signed by the Secretary of the Board."; and

(c) after clause (3), the following new clauses shall be added, namely:-

"(4) The Board shall take decision on the construction of new railway lines or

the modification, closing or dismantling of any railway line and shall coordinate on rail movements into and from ports:

Provided that the Board shall not alter the terms and conditions of any contract relating to the conveyance of defence traffic, alter the priority of movement in respect of defence traffic and close or dismantle any railway line or make any modifications in the defence lines except with the approval of Ministry of Defence.

(5) The Board shall be an oversight body for effective implementation of all the rules related to the land and property of the Railways and shall prioritize on its agenda the issues relating to land management, development, marketing, leasing, licensing, concessioning, etc.".

5. **Insertion of Article 4A, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, after Article 4, the following new Article shall be inserted, namely:-

"**4A. Track access.-** (1) For the purposes of this Article, a 'track access agreement' means a track access agreement pursuant to which a private party is granted, in consideration for track access charges, a right to access the Pakistan Railways network and infrastructure and to operate rolling-stock on the Pakistan Railways network, in accordance with the terms of such track access agreement as amended from time to time.

(2) Notwithstanding anything contained in the Railway Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XCII of 2002), hereinafter referred to as 'Ordinance XCII of 2002,-

(a) subject to sub-clauses (b) and (c), until the Railway Regulatory Authority is constituted under Ordinance XCII of 2002, the Board shall exercise overall regulatory oversight and ensure compliance of track access by private parties, both local and foreign, for freight and passenger services;

(b) Ordinance XCII of 2002 shall not apply to any track access agreement, including amendments thereto, executed under this Order, prior to or subsequent to the establishment of the Railway Regulatory Authority; and

(c) the Railway Regulatory Authority, whenever constituted, shall have no jurisdiction to cancel, amend, or otherwise modify any such agreement or amendments thereto, approved and entered into before or after its establishment.

(3) Subject to clauses (4) and (5), the Board is authorized to approve track access agreements for the access to and use of Pakistan Railways network and

infrastructure and Railways Division is authorized to enter into such track access agreements as approved by the Board.

(4) The Railways Division may enter into track access agreements with a private party,-

(a) pursuant to and in accordance with the Inter-Governmental Commercial Transactions law or under the International and Inter-Governmental commitments of the Federal Government; or

(b) who is an investor that has invested in a qualified investment duly notified in the First Schedule to the Foreign Investment (Promotion and Protection) Act, 2022 (XXXV of 2022); or

(c) selected through a competitive bidding.

(5) The private party executing the track access agreement shall be required to meet the qualification criterion approved and notified by the Board from time to time, and communicated to the private party, prior to the entry into such track access agreement:

Provided that any private party that meets the criteria of sub-clause (b) of clause (4) shall be deemed to meet the qualification criteria necessary for track access agreements.

(6) The track access agreements entered in pursuance to this Order shall be governed solely by the provisions of this Order and applicable rules and regulations made under this Order.

(7) Track access shall be materialized by offering Pakistan Railways network and infrastructure to the private parties for its efficient use, facilitating competition, revenue generation, improving safety, strategic planning and investments, through operations of freight and passenger train services with their own locomotives and rolling stock.

(8) Any amendment, or purported amendment, of a track access agreement shall be made with the consent of parties and shall not be effective unless that amendment has been approved by the Board.

(9) The charges, fee, revenue sharing, etc., from private parties shall be approved by the Board and included in the relevant track access agreement.

(10) Pakistan Railways may provide train crew or other requisite personnel on mutually agreed terms and, if required, also offer maintenance facilities for locomotives and rolling stock.

(11) The Board shall approve the railway network and infrastructure usage plan (time-tabling) to be submitted by Pakistan Railways keeping due margins for maintenance and rehabilitation works.

(12) The Federal Government Inspector of Railways (FGIR) shall carry out periodic inspections of the railway network for ensuring safety of train operations.

(13) The Board shall sanction the use of any rolling stock on the railway network after ascertaining its suitability and conformance to the prescribed standards.

(14) The Board shall require the private parties and Pakistan Railways to furnish periodically, but not later than one year, the operating and financial results and any other information that may be necessary.

(15) Pakistan Railways shall maintain detailed records of all track access requests, the allocations and capacity usage. An annual report shall be submitted to the Board detailing volume of track access requests and approvals, utilization of network capacity, track access charge revenues, performance matrix, and any incident of non-compliance.

(16) The Board shall oversee the implementation of track access agreements and investigate complaints and disputes regarding unfair treatment, capacity denial or discriminatory practices.

(17) Any dispute between the parties to a track access agreement shall be settled in accordance with the terms of the agreement.

(18) The Board, keeping in view the best International practices, may perform any other function or exercise any power that may be incidental or consequential to the performance of any of its functions or the exercise of any of its powers.

(19) The agreements which were signed under the Track Access (2005) and are still valid shall continue to be in force subject to fulfillment of conditions precedent and revision of clauses, rates, charges, fee, etc., as may be mutually agreed between the parties.

(20) The Federal Government may, in the national interest and by notification in the official Gazette, exempt any private party or a project from all or any of the provisions of this Order or any other law governing the track access, for the time being in force.".

6. **Amendment of Article 5, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, in Article 5,-

(a) in clause (a), after the semicolon, at the end, the word "and" shall be

added;

(b) in clause (b), for the word "Provincial", the word "Federal" shall be substituted and for the semicolon, at the end, a full stop shall be substituted; and

(c) clauses (c) and (d) shall be omitted.

7. **Amendment of Article 6, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, in Article 6,-

(a) in clause (1), in sub-clause (a), after the semicolon, at the end, the word "and" shall be added;

(b) sub-clause (b) shall be omitted; and

(c) clauses (2), (3) and (5) shall be omitted.

8. **Omission of Article 7, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, Article 7 shall be omitted.

9. **Omission of Article 8, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, Article 8 shall be omitted.

10. **Omission of Article 9, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, Article 9 shall be omitted.

11. **Omission of Schedule, P.O. No. 33 of 1962.-** In the said Order, the Schedule, at the end, shall be omitted.

<u>**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**</u>

Certain amendments have been proposed in the Transfer of Railways Order, 1962 (P.O. No. 33 of 1962) through Transfer of Railways (Amendment) Bill, 2025. The purpose of amendments is for creating an enabling environment for track access. Track access is very much essential for economic growth of the country through regional connectivity.

**2.** To lessen the burden on Federal Government, certain functions have been conferred upon Railway Board, including the function of creating or dismantling a railway line, in the aftermath of Mustafa Impex case cited as PLD 2016 SC 808.

**3.** The proposed amendments also focus on optimal utilization of railway land and property through leasing/licensing/concessioning under the statutory rules cited as Railway Land and Property Rules, 2023.

**4.** The redundant provisions regarding eastern and western railways have been omitted.

**5.** The Bill seeks to achieve the aforesaid object.

**MUHAMMAD HANIF ABBASI**
Federal Minister for Railways
03-09-2025

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# ریلوے کی منتقلی کے فرمان، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ ریلوے کی منتقلی کے فرمان، ۱۹۶۲ء (فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء) میں، ایسے طریقہ کار میں اور بعدازاں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا گیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) اس بل کو ریلوے کی منتقلی کے (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۱ کی ترمیم:۔** ریلوے کی منتقلی کے فرمان، ۱۹۶۲ء، (صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲)، جس کا بعدازاں ''مذکورہ فرمان'' کے طور پر حوالہ دیا جائے گا، کے آرٹیکل ۱، کی شق (۱) میں، الفاظ ''کی منتقلی'' کو حذف کر دیا جائے گا۔

۳۔ **صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان کے آرٹیکل ۲ میں،۔

(الف) شق (الف) میں، وقفہ کے بعد، آخر میں لفظ ''اور'' کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

(ب) شق (ب) میں، وقفہ کو، آخر میں، ختمہ سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ج) شق (ج) کو حذف کر دیا جائے گا۔

۴۔ **صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان کے آرٹیکل ۴ میں،۔

(الف) حاشیائی عبارت میں، لفظ ''بورڈز'' کو، لفظ ''بورڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ب) شق (۳) کو، حسب ذیل شق سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۳) بورڈ کی جانب سے اپنے کارہائے منصبی کی تعمیل میں کیے گئے تمام اقدامات تحریری صورت میں کیے جائیں گے اور بورڈ کے سیکرٹری کی جانب سے ان پر دستخط کیا جائے گا۔''؛ اور

(ج) شق (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(۴) بورڈ نئی ریلوے لائنوں کی تعمیر یا کسی بھی ریلوے لائن کی تبدیلی، ان کو بند کرنے یا ان کو ختم کرنے کے بارے میں فیصلہ کرے گا اور بندرگاہوں سے آنے اور جانے والی ریلوے نقل و حرکت کو مربوط کرے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ بورڈ کسی بھی معاہدے کی شرائط و قیود میں تبدیلی نہیں کرے گا جو دفاعی نقل و حمل کی ترسیل سے متعلق ہوں، ماسوائے اس کے جو وزارت دفاع کی باقاعدہ منظوری سے دفاعی نقل و حمل لائنوں میں کسی بھی قسم کی ترمیم، ان کو بند یا ختم کرنے سے متعلق ہوں۔

(۵) بورڈ ریلوے اراضیوں اور املاک سے متعلق تمام قواعد کے موثر اطلاق کی نگرانی کرنے والی ہیئت ہو گی اور اپنے لائحہ عمل ترجیحات میں اراضی کے انتظام، ترقی، مارکیٹنگ، پٹے پر دینے، لائسنس صادر کرنے، رعایت فراہم کرنے سے متعلق معاملات کو شامل کرے گا۔''۔

## ۵۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۴ الف کی شمولیت:۔

مذکورہ فرمان میں، آرٹیکل ۴ کے بعد، حسب ذیل نیا آرٹیکل شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۴ الف۔ ریل کی پٹڑی تک رسائی۔ (۱) اس آرٹیکل کی اغراض کے لیے، ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدے، سے مراد ایسا معاہدہ ہے جس کے تحت کسی نجی فریق کو ریل کی پٹڑی تک رسائی کے مصارف کی ادائیگی کے بدلے پاکستان ریلوے کے نیٹ ورک اور بنیادی ڈھانچے تک رسائی دینے کا حق دینا مراد ہے اور وہ فریق پاکستان ریلوے نیٹ ورک پر، ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدے کی ایسی شرائط و قیود پر جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جائے گی کی مطابقت میں ریل گاڑیاں چلانے کا مجاز ہوگا۔

(۲) ریلوے ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۹۲ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں شامل کسی امر کے باوصف، بعد ازاں جس کا حوالہ 'آرڈیننس ۹۲ مجریہ ۲۰۰۲ء، کے طور پر دیا گیا ہے۔

(الف) ذیلی شقات (ب) اور (ج) کے مطابق، تاوقتیکہ ریلوے اتھارٹی، جو آرڈیننس نمبر ۹۲ مجریہ ۲۰۰۲ء کے تحت قائم نہ ہو جائے، بورڈ مجموعی انضباطی نگرانی کرے گا اور ہر دو مال بردار اور مسافر خدمات کے لیے نجی فریقین کی طرف سے ریل کی پٹڑی تک رسائی کے امر کی تعمیل کو یقینی بنائے گا؛

(ب) آرڈیننس نمبر ۹۲ مجریہ ۲۰۰۲ء کا کسی بھی ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدے پر بشمول اس میں کی گئیں ترامیم، جو اس حکم کے تحت اس اتھارٹی کی تشکیل سے قبل یا بعد ازاں کی گئی ہوں، پر اطلاق نہیں ہوگا؛

(ج) ریلوے ریگولیٹری اتھارٹی، جب بھی تشکیل دی جائے گی، اسے یہ اختیار حاصل نہیں ہوگا کہ وہ کسی بھی معاہدے یا اس میں کسی ترمیم کو منسوخ، تبدیل یا کسی اور طریقہ کار سے ترمیم کر سکے جو اس کی تشکیل سے قبل یا بعد میں منظور اور لاگو کی گئیں۔

(۳) شقات (۴) اور (۵) کے مطابق، بورڈ کو یہ اختیار نہیں حاصل ہوگا کہ وہ پاکستان ریلوے نیٹ ورک اور بنیادی ڈھانچے تک رسائی اور استعمال کے لیے ریل کی پٹڑی تک رسائی کے اقرارنامے کی منظوری دے سکے گا اور ریلوے ڈویژن مجاز ہوگا کہ وہ بورڈ کی جانب سے منظور کردہ ایسی ریل کی پٹڑی تک رسائی کے اقرارنامے کر سکے۔

(۴) ریلوے ڈویژن نجی فریقین کے ساتھ ریل کی پٹڑی تک رسائی کے اقرارنامے کر سکے گا، جو،۔

(الف) بین الحکومتی تجارتی لین دین قانون کی پیروی یا اس کی مطابقت میں ہوں یا بین الاقوامی اور بین الحکومتی یقین دہانیوں کے تحت ہوں؛ یا

(ب) ایسا سرمایہ کار ہو جس نے غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ وتحفظ) ایکٹ، ۲۰۲۲ء (ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۲۰۲۲ء) کے جدول اوّل میں درج کسی پرکشش سرمایہ کاری میں سرمایہ کاری کی ہو؛ یا

(ج) مسابقتی بولی کے ذریعے منتخب کیا گیا ہو؛

(۵) نجی فریق جو ریل کی پٹڑی تک رسائی کا معاہدہ کرے گا، اس پر اس امر کی پاسداری کرنا لازم ہوگی کہ وہ اہلیت کے ان معیارات پر پورا اُترے جو بورڈ کی طرف سے وقتاً فوقتاً منظور اور مشتہر کیے جائیں اور نجی فریق کو ریل کی پٹڑی تک رسائی کے اقرارنامے کرنے سے قبل اس کو اس امر کی اطلاع دی جائے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی بھی فریق جوشق (۴) کی ذیلی شق (ب) کے معیار پر پورا اُترتا ہو تو اس کو مذکورہ ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدوں کے لیے درکار ضروری اہلیت کے معیار پر پورا اُترنے والا متصور کیا جائے گا۔

(۶) اس فرمان کی پیروی میں کیے گئے ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدے صرف اس حکم نامے کے احکامات اور کے تحت وضع کردہ متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق ہوں گے۔

(۷) ریل کی پٹڑی تک رسائی کو اس طرح عمل میں لایا جائے کہ پاکستان ریلوے کا نیٹ ورک اور بنیادی ڈھانچہ کی فریقین کو مؤثر استعمال کے لیے فراہم کیا جائے تا کہ مقابلے کی فضاء کو فروغ دیا جاسکے، آمدنی میں اضافہ ہو، امن وامان میں بہتری، حکمت عملی کے تحت منصوبہ بندی اور سرمایہ کاری ممکن ہو، اور سامان ومسافر ٹرین سروسز اپنے انجن اور ڈبوں کے ساتھ فراہم کی جاسکیں گی۔

(۸) ریل کی پٹڑی تک رسائی کے اقرارنامے کی کوئی بھی ترمیم یا ظاہراً ترمیم فریقین کی مرضی ومنشاء سے کی جائے گی اور یہ اس وقت تک مؤثر نہیں ہوگی تاوقتیکہ بورڈ اس کی منظوری نہ دے دے۔

(۹) نجی فریقین سے وصول کیے جانے والے مصارف، فیس، آمدنی میں شراکت وغیرہ بورڈ کی منظوری کے بعد متعلقہ ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدے میں شامل کئے جائیں گے۔

(۱۰) پاکستان ریلوے باہمی طور پر متفقہ شرائط پر ٹرین کا عملہ یا دیگر ضروری اشخاص اور اگر مطلوب ہوں تو، خودکار انجنوں اور ریلوے کے ڈبوں کی دیکھ بھال کی سہولیات کے ساتھ فراہم کرے گا۔

(۱۱) بورڈ ریلوے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کے استعمال کا منصوبہ (ٹائم ٹیبل سمیت) منظور کرے گا جو پاکستان ریلوے کی جانب سے پیش کیا جائے گا جس میں مرمت اور بحالی کے کاموں کے لیے مناسب گنجائش رکھی جائے گی۔

(۱۲) وفاقی حکومت کا انسپکٹر ریلوے (FGIR) ٹرین کی محفوظ کارگزاری کو یقینی بنانے کے لیے ریلوے نیٹ ورک کا وقتاً فوقتاً معائنہ کرے گا۔

(۱۳) بورڈ ریلوے نیٹ ورک پر کسی بھی ریلوے کے ڈبوں کے استعمال کی منظوری مقررہ معیارات کی موزونیت اور مطابقت کو یقینی بنانے کے بعد دے گا۔

(۱۴) بورڈ نجی فریقین اور پاکستان ریلویز سے تقاضا کرے گا کہ وہ معینہ وقفوں سے، لیکن ایک سال سے زائد کی تاخیر کے بغیر، آپریٹنگ اور مالیاتی نتائج سمیت کوئی بھی دیگر معلومات جو کہ ضروری ہوں فراہم کریں۔

(۱۵) پاکستان ریلوے تمام ریل کی پٹڑی تک رسائی کی درخواستوں، منظوریوں اور گنجائش کے استعمال کا تفصیلی ریکارڈ رکھے گی۔ بورڈ کو ایک سالانہ رپورٹ پیش کرے گی جس میں ریل کی پٹڑی تک رسائی کی درخواستوں اور منظوریوں، نیٹ ورک کی گنجائش کے استعمال، ریل کی پٹڑی تک رسائی پر وصول شدہ چارجز، کارکردگی کے اعداد و شمار اور عدم تعمیل کے کسی بھی واقعے کی تفصیل شامل ہوگی۔

(۱۶) بورڈ ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدوں کے نفاذ کی نگرانی کرے گا اور غیر منصفانہ برتاؤ، گنجائش سے انکار یا امتیازی رویوں سے متعلق شکایات اور تنازعات کی تحقیقات کرے گا۔

(۱۷) ریل کی پٹڑی تک رسائی کے معاہدے سے متعلق فریقین کے مابین کسی بھی تنازعہ کو معاہدے کی شرائط کے مطابق طے کیا جائے گا۔

(۱۸) بورڈ، بہترین بین الاقوامی طریقوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، کوئی بھی دیگر کار منصبی انجام دے سکے گا یا کوئی بھی اختیار استعمال کر سکے گا جو اس کے کارہائے منصبی کی انجام دہی اور اس کے اختیارات کے استعمال کی بابت ضمنی یا ذیلی ہوں۔

(۱۹) معاہدات جو ریل کی پٹڑی تک رسائی (۲۰۰۵ء) کے تحت دستخط کیے گئے تھے اور اب بھی مؤثر ہیں، تو وہ اس وقت تک نافذ رہیں گے جب تک پیشگی شرائط کی تکمیل اور شقوں، نرخوں، چارجز، وغیرہ میں نظر ثانی کے تحت ہوں، جیسا کہ فریقین کے مابین باہمی طور پر اتفاق کیا گیا ہو۔

(۲۰) وفاقی حکومت، قومی مفاد میں اور سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، کسی بھی نجی فریق یا کسی پروجیکٹ کو اس فرمان کے تمام یا کسی بھی احکامات یا کسی بھی دیگر قانون سے جو فی الوقت نافذ العمل ریل کی پٹڑی تک رسائی کا انتظام چلا رہی ہوں مستثنیٰ کر سکے گی۔

**۶۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان کے، آرٹیکل ۵ میں،۔

(الف) شق (الف) میں، وقفہ کے بعد، آخر میں، لفظ ''اور'' کا اضافہ کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ب) میں، لفظ ''صوبائی'' کو لفظ ''وفاقی'' سے تبدیل کر دیا جائے گا اور وقفہ کو، آخر میں، ختمہ سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) شقات (ج) اور (د) کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۷۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان کے، آرٹیکل ۶ میں، ۔

(الف) شق (۱) کی، ذیلی شق (الف) میں، وقفہ کے بعد، آخر میں، لفظ ''اور'' کا اضافہ کر دیا جائے گا؛

(ب) ذیلی شق (ب) کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) شقات (۲)، (۳) اور (۵) کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۸۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۷ کو حذف کرنا:۔** مذکورہ فرمان کے، آرٹیکل ۷ کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۹۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۸ کو حذف کرنا:۔** مذکورہ فرمان کے، آرٹیکل ۸ کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۱۰۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، آرٹیکل ۹ کو حذف کرنا:۔**

مذکورہ فرمان کے، آرٹیکل ۹ کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۱۱۔ صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء کے، جدول کو حذف کرنا:۔** مذکورہ فرمان میں، آخر میں، جدول کو، حذف کر دیا جائے گا۔

# بیان اغراض ووجوہ

ریلوے کی منتقلی کے (ترمیمی) بل ۲۰۲۵ء کے ذریعے ریلوے کی منتقلی کے فرمان، ۱۹۶۲ء (صدارتی فرمان نمبر ۳۳ مجریہ ۱۹۶۲ء) میں بعض ترامیم تجویز کی گئی ہیں۔ان ترامیم کا مقصد ریل کی پٹڑی تک رسائی کے لیے ایک سہل ماحول پیدا کرنا ہے۔ریل کی پٹڑی تک رسائی علاقائی روابط کے ذریعے ملک کی معاشی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔

۲۔ وفاقی حکومت کا بوجھ کم کرنے کے لیے، بعض کار ہائے منصبی ریلوے بورڈ کو تفویض کیے گئے ہیں، جس میں ریلوے لائن بنانے یا ختم کرنے کا اختیار مصطفیٰ امپکس کیس، پی ایل ڈی ۲۰۱۶ سی ایس ۸۰۸ کے فیصلے کے تناظر میں شامل ہے۔

۳۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد ریلوے اراضی اور املاک کے بہتر استعمال کو یقینی بنانا بھی ہے جو کہ آئینی قواعد کے تحت لیز، لائسنس یا رعایتی معاہدوں کے ذریعے کیا جائے گا، جیسا کہ ریلوے اراضی اور املاک کے قواعد، ۲۰۲۳ء میں درج کیا گیا ہے۔

۴۔ مشرقی اور مغربی ریلوے سے متعلق غیر ضروری احکامات کو حذف کر دیا گیا ہے۔

۵۔ یہ بل مذکورہ مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا ہے۔

محمد حنیف عباسی

وفاقی وزیر برائے ریلوے